پریس ریلیز

گوجرانوالہ 14 اگست 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کہا ہے کہ زندہ قومیں اپنی یوم آزادی کو ہمیشہ تازہ دم رکھتی اور شایان شان طریقے سے مناتی ہیں۔جشن آزادی کی تقریبات سادگی مگر حب الوطنی کے ساتھ منائی جائیں۔انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان مشکلات سے دوچار ہے ملک بھر میں جشن آزادی کے موقع تمام پاکستانی عوام پاکستان کی خیر وسلامتی کیلئے دعا کرے۔ان خیالات کا اظہار یوم آزادی کی تقریب کے موقع پر چیمبر کی عمارت پر پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔تقریب میں اراکین مجلس عاملہ، سابق صدور اخلاق احمد بٹ، محمد شعیب بٹ، سابق سینئر نائب صدر اقبال شاہین، سابق نائب صدور ملک امین ناز، عرفان یعقوب، شیخ قیصر امین جموں والے کے علاوہ بزنس کمیونٹی کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

انہوں نے کہا کہ ہمیں آج تجدید عہد کے لئے پاکستان کا 76 واں جشن آزادی دنیا کی دیگر اقوام کی طرح منانا چاہیئے۔اس موقع پر انہوں نے اپنے کشمیری بھائیوں سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ اٹل حقیقت ہے کہ کشمیر پاکستان کا حصہ ہے۔آج 14 اگست کو ہمیں یہ بھی عہد کرنا چاہیئے کہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے الفاظ ایمان، اتحاد، تنظیم کو مشعل راہ بنائیں گے اگر ہم یہ الفاظ اپنی عملی زندگی میں داخل کرلیں تو ہم وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ ہمارا دفاع ناقابل تسخیر اور پاکستان ہر قسم کی ترقی سے ہمکنار ہو جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ہمارا یہ پیارا وطن پچھلے چند سالوں سے بے شمار مسائل سے دوچار ہے پاکستان کو موجودہ مشکلات سے اجتماعی کوششوں کی بدولت نکالا جاسکتا ہے اور ہمیں ایسی مثبت سعی کرنی چاہیئے جو نظریہ پاکستان کی روح کی تقویت کا سبب بنے اور پاکستان تمام شعبہ حیات میں اس قدر ترقی کرے کہ لوگ ہم پر فخر کریں۔انہوں نے کہا کہ ملک وقوم کی خدمت کیلئے ہر فرد کو انفرادی طور پر بھی اپنا فعال کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ پاکستان میں دنیا کے نقشے پر ایک ترقی یافتہ ملک کی حیثیت سے ابھر سکے۔